Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل ، 26 مارچ 2024ء، 15 رمضان المبارک 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 18

فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی تنظیم نو کی جارہی ہے

غریب عوام پر ٹیکس کا بوجھ کم کریں گے وفاقی وزیر اطلاعات

غریب عوام پر ٹیکس کا بوجھ کم کریں گے، ٹیکس کا بوجھ وہ اٹھائے گا جس میں بوجھ اٹھانے کی طاقت ہو، ٹیکس نہ دینے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے

اس وقت تمام تر توجہ روپیہ مستحکم کرنے پر ہے اور روپیہ مستحکم ہوتا نظر آرہا ہے، معیشت مستحکم ہوتی نظر آرہی ہے، تحریک انصاف ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، عطاء تارڑ کی پریس کانفرنس

لاہور: پاکستان سکیل بک (ن) کے قائد نواز شریف اور وزیراعظم پنجاب مریم نواز شریف سے ترکیہ کے سفیر مہمت پرکا کی ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی تنظیم نو کی جارہی ہے، اس حوالے سے وزیراعظم خود اعلان کریں گے، ٹیکس اصلاحات کے حوالے سے جلد خوشخبری آئیگی، غریب عوام پر ٹیکس کا بوجھ کم کریں گے، ٹیکس کا بوجھ وہ اٹھائے گا جس میں بوجھ اٹھانے کی طاقت ہو، ٹیکس نہ دینے والوں کے خلاف کارروائی کل عمل لائی جارہی ہے، اس وقت (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کو معاشی مشکلات کے دور سے نکالیں گے

معاشی بہتری کے لیے عوام دوست فیصلوں کی توقع ہے، مریم نواز شریف

پہلی خاتون وزیر اعلیٰ پنجاب منتخب ہونا اہم سنگ میل ہے، محمد اورنگزیب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی معاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر بحث آئے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو منصب سنبھالنے (بقیہ نمبر 32)

ملک کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، وزیر تجارت

حکومت معاشی اصلاحات کیلئے تمام اہم اقدامات کررہی، جام کمال کی کراچی میں میڈیا سے گفتگو

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے تجارت جام اقدامات کررہی۔ کراچی میں مزار قائد پر حاضری کے بعد جام کمال نے کہا ہے کہ حکومت معاشی اصلاحات کے لیے تمام میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر تجارت (بقیہ نمبر 36)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کو 4 اپریل کو عدالت پیش کرنیکا حکم

دوران سماعت عدالت نے اڈیالہ جیل کے پرنٹنڈنٹ کو حکم دیا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو 4 اپریل کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم جاری کردیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس

اسلام آباد (چیف رپورٹر) عدالت نے بانی تحریک انصاف آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 4 اپریل کو عدالت اسلام آباد میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 35)

قومی ڈیٹا ویئر ہاؤس کی تیاری کے منصوبے پر کام شروع

ایف بی آر نے آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق وفاقی وصوبائی محکموں کا ڈیٹا یکجا کیا جائے گا۔ ذرائع

اسلام آباد (چیف رپورٹر) ایف بی آر نے معیشت کو دستاویزی بنانے کیلئے قومی ڈیٹا ویئر ہاؤس کی تیاری کے منصوبے پر کام شروع کردیا، اس میں آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق وفاقی وصوبائی محکموں کا ڈیٹا یکجا کیا (بقیہ نمبر 34)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ملاقات کررہے ہیں

ایک ماہ میں گیس کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی فارنزک آڈٹ کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

وزیر اعظم گیس قیمتوں کے اضافے پر برہم

وزیراعظم شہباز شریف کا گیس کی قیمت میں حالیہ اضافے پر برہمی کا اظہار، ایک ماہ میں گیس کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی فارنزک آڈٹ کی رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے گیس کی قیمت میں حالیہ اضافے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے گیس کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی فارنزک آڈٹ رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے گیس کی قیمت میں حالیہ اضافے پر برہمی کا اظہار کیا ہے ایک سے 3 ماہ میں 16 ٹاسک عمل کرنے کے احکامات جاری کردیئے ہیں، ایک ماہ میں گیس (بقیہ نمبر 3)

کچے میں آپریشن، کئی ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیے

راجن پور (این این آئی) ڈی پی او راجن پور دست محمد نے کہا ہے کہ کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس کا آپریشن جاری ہے، آپریشن میں پولیس کو بڑی کامیابی ملی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او (بقیہ نمبر 38)

قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اپریل کو بلانے کا فیصلہ

دو اپریل کو اسلام آباد کو دو نشستوں پر الیکشن ہوں گے، قومی اسمبلی ہال پولنگ اسٹیشن میں تبدیل ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اپریل کو بلانے کا فیصلہ، دو اپریل کو اسلام آباد کو دو نشستوں پر الیکشن ہوں گے، قومی اسمبلی ہال پولنگ اسٹیشن میں تبدیل ہوگا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اپریل کو بلانے کا فیصلہ، دو اپریل کو اسلام آباد کو دو نشستوں پر الیکشن کو بحیثیت انتخابات سے متعلق منظوری لی جائیگی، قومی (بقیہ نمبر 37)

قومی بچت کے سرٹیفکیٹس اور سکیموں پر منافع کی شرحوں پر نظر ثانی

اسٹیشن سیونگ، بہبود سیونگ، ریگولر انکم سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینیفٹ، شہداء فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ پر منافع کی شرح میں اضافہ

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے قومی بچت کے سرٹیفکیٹس اور اسکیموں پر منافع کی شرحوں پر نظر ثانی کی گئی ہے۔ حکومت نے اسٹیشن سیونگ سرٹیفکیٹ پر منافع کی شرح 15.8 فیصد ہوگئی ہے، بعض سرٹیفکیٹس، اسکیموں کی شرح میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا اسٹیشن سیونگ سرٹیفکیٹ، ریگولر انکم سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینیفٹ اکاؤنٹ، بہبود سیونگ سرٹیفکیٹ، شہداء فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ پر منافع کی شرح میں اضافہ کیا ہے۔ دوسری جانب شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں 76 بیسس پوائنٹس کی کمی ہوئی (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ایمبیسیڈر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کررہے ہیں

پنجاب بینک کی کسان دوست کریڈٹ کارڈ سکیم کا جائزہ

تمام چھوٹے کاشتکاروں کے لئے ڈیجیٹل فریم ورک کے ذریعے ایگریکلچرل پٹس پر قرضے کی سہولت کی تجویز دی گئی ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیح کاشتکاروں کی خوشحالی ہے، وزیر زراعت پنجاب عاشق حسین کرمانی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب بنک کی کسان دوست کریڈٹ کارڈ سکیم کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب انکم ٹیکس سہیر جبین بی آر آئی ٹی پی لیسل یوسف، پنجاب بنک کے گروپ ہیڈ ریٹیل بینکنگ نوفل داد کے علاوہ کنٹرنانہ اور زراعت کے افسران نے شرکت (بقیہ نمبر 39)

پتنگ بازوں اور ون ویلرز کے گرد گھیرا تنگ کرنے کی تیاری

سوشل میڈیا پر پتنگ بازی کی تشہیر کرنے والوں کے خلاف بھی بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے پتنگ بازوں اور ون ویلرز کے گرد گھیرا تنگ کرنے کی تیاری کرلی۔ ڈی آئی جی آپریشنز عمل ناصر رضوی کی زیر (بقیہ نمبر 4)

ڈائریکٹر جنرل بہبود آباد پنجاب مس رائے کا اقوام متحدہ (UNFPA) کے 57 ویں صوبائی مشاورتی اجلاس سے خطاب کررہی ہیں

اقوام متحدہ کا UNFPA کا 57 واں صوبائی مشاورتی اجلاس کا انعقاد

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر مس رائے کی خصوصی شرکت، اجلاس میں ICPD کے پروگرام آف ایکشن کے نفاذ کا 30 سالہ اقدامات وتجاویز کا جائزہ

جیسے جیسے ICPD کی 30 سالہ سالگرہ قریب آرہی ہے، UNFPA نظر ثانی کے عمل کو بہولت فراہم کررہا ہے

(لاہور) (نمائندہ عوامی للکار) اقوام متحدہ بہبود آباد پنجاب میں ICPD کے پروگرام آف ایکشن کے نفاذ کا 30 سالہ اقدامات وتجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ ICPD پروگرام آف ایکشن کو اپنانے کے بعد سے، UNFPA نے اس کے (بقیہ نمبر 48) بڑی کررہی ہے۔ اس سیشن کے بیان کی تیاری کے لیے ایک مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل مس رائے نے خصوصی شرکت کی۔ اس اجلاس میں ICPD کے 57 ویں اجلاس کے ساتھ ساتھ ICPD (ICPD30) کی 30 ویں سالگرہ کی منصوبہ بندی کی گئی۔ اجلاس میں اپریل 2024 کی آبادی اور ترقی کے کمیشن کے 57 ویں اجلاس کے ساتھ ساتھ ICPD کی 30 ویں سالگرہ کی منصوبہ

ڈائریکٹر جنرل بہبود آباد پنجاب مس رائے کا اقوام متحدہ (UNFPA) کے 57 ویں صوبائی مشاورتی اجلاس کے اختتام پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرویز الٰہی پر تشدد کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

فارم 47 کے ذریعے غیر منتخب لوگوں کو لایا گیا ہے، اعظم سواتی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی نے کہا ہے کہ پرویز الٰہی کو تشدد کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم سواتی نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہمراہ کانفرنس (بقیہ نمبر 5)

کیا اصل سائفر دفتر خارجہ میں موجود ہے؟ اسلام آباد ہائیکورٹ کا سوال

سائفر کی اصل کاپی کو دفتر خارجہ میں موجود ہونا چاہیے، پراسیکیوٹر حماد علی شاہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سائفر کیس میں بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی اپیلوں پر سماعت کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ کیا اصل (بقیہ نمبر 40)

آصف زرداری کو وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف زرداری کو وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی محتسب نے 2023ء میں سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف ریکارڈ ایک لاکھ 94 ہزار 999 شکایات پر کارروائی کی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کی نسبت سال 2023 میں شکایات پر کارروائی میں 18 فیصد اضافہ ہوا، کل شکایات میں سے 193,028 کا (بقیہ نمبر 41)

مسلم لیگ (ن) نے پی پی 147 سے ملک ریاض کو ٹکٹ جاری کردی

147 کی سیٹ عزت شہباز کی جانب سے چھوڑی گئی تھی، ملک ریاض ورکن قومی اسمبلی بھی رہ چکے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پی پی 147 سے ملک ریاض کو ٹکٹ جاری کردی۔ پی پی 147 کی سیٹ عزت شہباز کی جانب سے چھوڑی گئی تھی، ملک ریاض ورکن قومی اسمبلی بھی رہ چکے ہیں انتخاب میں اب ملک ریاض حصہ لیں گے۔ ملک ریاض شاہدرہ سے (بقیہ نمبر 42)

آئی ایم ایف نے ہمارے خط پر جواب دیا ہے، مزمل اسلم

آئی ایم ایف نے لکھا پاکستان کے اندرونی معاملات پر مداخلت نہیں کرتے، میڈیا سے گفتگو

ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر عالمی پریشر آرہا ہے، گردشی قرضے سے متعلق ٹیا آئی ایم ایف پروگرام خوفناک ہے، آئی ایم ایف نے لکھا کہ پاکستان کے اندرونی معاملات پر مداخلت نہیں کرتے۔ رؤف حسن کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مزمل اسلم نے کہا کہ آئی ایم ایف نے ہمارے خط پر جواب دیا ہے، آئی ایم ایف کے بورڈ آف (بقیہ نمبر 3)

سینیٹ الیکشن، اعظم سواتی کے کاغذات نامزدگی منظور

جنرل نشست پر کاغذات نامزدگی مسترد ہونے پر اپیل دائر کی گئی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ میں قائم لیٹ ٹریبونل نے سینیٹ کی جنرل نشست پر پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کے کاغذات نامزدگی منظور کر لیے۔ (بقیہ نمبر 9)

سید ہمایوں اخلاقی کے باعث ایچیسن کالج کے پرنسپل مائیکل تھامسن مستعفی

اسکولوں میں سیاست اور سفارشوں کی کوئی جگہ نہیں، مستعفی پرنسپل کا خط انٹینٹ کمیٹی سے سید بابر بھی مستعفی

پرنسپل دو مرتبہ استعفے کی درخواست دے چکے تھے، بورڈ نے نئے پرنسپل کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے استعفیٰ قبول نہیں کیا، گورنر

اگلے مہینے ایچی کالج کے نئے پرنسپل کی تعیناتی فائنل کر لی گئی ہے، اگست 2024 میں استعفیٰ قابل عمل ہو جانا تھا، محمد بلیغ الرحمٰن

40 لاکھ روپے تنخواہ وصول کررہے تھے، آڈٹ شروع کردیا، سال میں 100 چھٹیاں، اکاؤنٹیز سے بچنے کیلئے یہ حربہ اپنایا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب کی جانب سے ایچی سن کالج کو احمد جبر کے مینڈیٹ کی قیس معاف کرنے کا حکم دیا گیا ہے، پرنسپل کے انکار پر گورنر ہاؤس نے قیس معاف کرنے کا ٹیلیفونک مینڈیٹ جاری کردیا، پرسپل ایچی سن کالج نے انتظامیہ کمیٹی کے سید بابر علی بھی استعفیٰ دے دیا، مینجمنٹ کمیٹی سے سید بابر علی بھی اعلان کردیا، مینجمنٹ کمیٹی سے سید بابر علی بھی استعفیٰ دے دیا، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ پرنسپل ایچی سن کالج دو مرتبہ استعفیٰ کی درخواست دے چکے تھے، بورڈ نے نئے پرنسپل کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے استعفیٰ قبول نہیں کیا (بقیہ نمبر 6)

فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ملک شاپس کی چیکنگ 800 لٹر دودھ ضائع کرایا گیا

راولپنڈی (این این آئی) فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ملک شاپس کی چیکنگ۔ 800 لٹر دودھ ضائع کرایا گیا۔ ترجمان کے مطابق متریا ٹریک اور مری روڈ میں موجود مختلف ملک شاپس کی چیکنگ کی گئی، ناقص دودھ سپلائی کرنے پر 4 دکانوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے (بقیہ نمبر 4)

بجلی کی 4 تقسیم کار کمپنیوں نے 1795 ارب روپے مانگ لیے

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کی 4 تقسیم کار کمپنیوں نے 1795 ارب روپے مانگ لیے ہیں۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے پیپکو ایئر ٹیریف کی مد میں مانگے ہیں جس کیلئے انہوں نے درخواستیں بھی دائر کردی (بقیہ نمبر 46)

پی ٹی آئی پنجاب میں فارورڈ بلاک بن چکا ہے، شیر افضل مروت

لوگوں کو ڈرایا جارہا ہے کہ دوبارہ گنتی میں ہروا دیا جائے گا، پی ٹی آئی رہنما کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ میں ذمہ داری سے بیان دیتا ہوں، پی ٹی آئی پنجاب میں فارورڈ (بقیہ نمبر 50)

لاہور: ہیکبر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر مہمت پرکا کی اسمبلی چیمبر میں ملاقات کررہے ہیں

افغان مہاجرین کی وطن واپسی کے دوسرے مرحلے کی تیاریاں شروع

ضلعی حکام اور پولیس کو ملک بھر میں مہمانوں کا نقشہ بنانے اور ڈیٹا اکٹھا کرنے کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے تقریباً 10 لاکھ رجسٹرڈ افغان مہاجرین کو ان کے وطن واپس بھیجنے کے لیے انخلا کے دوسرے مرحلے کے آغاز کی تیاری (بقیہ نمبر 57)

سابق آرمی چیف فیض حمید و دیگر کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست پر پیش رفت نہ ہوسکی

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل باجوہ، جنرل فیض حمید و دیگر کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست پر پیش رفت نہ ہوسکی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے درخواست گزار کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا منظور کر لی۔ جج کو چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس کی سماعت کی۔ سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کی جانب سے بیرسٹر حماد انجاز (بقیہ نمبر 58)

غزہ بچاؤ مارچ، سینیٹر مشتاق، مستحقین کے خلاف مقدمہ درج

مارچ کے مستحقین پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے غزہ بچاؤ مارچ کے دوران دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر سابق سینیٹر مشتاق احمد اور مستحقین کے (بقیہ نمبر 59)

خواتین اور بچوں کی عید دلی کیمپ میں عید الفطر کی مناسبت سے خریداری کررہی ہیں

جلاؤ گھیراؤ کیس، عمر ایوب، سیمابیہ طاہر کی ضمانتیں منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت (اے ٹی سی) نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں رہنما پاکستان تحریک انصاف عمر ایوب اور سیمابیہ طاہر کی درخواست ضمانت پر سماعت اے ٹی سی کے جج اعجاز آصف نے کی اور دونوں کی 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں ضمانتیں منظور کیں۔ یاد رہے کہ 18 مارچ کو لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے (بقیہ نمبر 6)

ایک ٹن سے زائد منشیات برآمد کرکے 13 ملزمان گرفتار کرلیے

دوسری کارروائی میں قطر جانے والے مسافر سے 1.8 کلو ہیروئن برآمد کرلی گئی

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف 13 کارروائیوں میں ایک ٹن سے زائد منشیات برآمد کرکے 13 ملزمان گرفتار کرلیے۔ ترجمان اے (بقیہ نمبر 51)

سال 2024 کا پہلا چاند گرہن، پاکستان میں نظر نہیں آیا

چاند گرہن کی آغاز 25 مارچ 2024 کو صبح 9 بجکر 53 منٹ پر ہوا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک میں سال 2024ء کے پہلے چاند گرہن کا نظارہ کیا گیا۔ چاند گرہن کی آغاز 25 مارچ 2024 کو صبح 9 بجکر 53 منٹ پر ہوا جو دوپہر 12 بجکر 12 منٹ پر عروج کو پہنچا، چاند گرہن کا اختتام دوپہر 2 بجکر 32 منٹ پر ہوا، جغرافیائی طور پر چاند گرہن کا دورانیہ 4 گھنٹے 40 منٹ (بقیہ نمبر 52)

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر اسلام آباد کیپٹل پولیس کی کارروائیاں

475 ڈرائیوروں کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات کے اندراج کو یقینی بنایا گیا

7,063 طلبہ سے کے استعمال، بے احتیاطی سے گاڑی دوڑنا سائیکل چلانے اور کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائیں گئیں

اسلام آباد کیپٹل پولیس ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائیاں کرتے ہوئے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپٹل پولیس کا رواں سال ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی 10 ہزار 115 گاڑیوں و موٹر بائیکوں کے خلاف کارروائیاں، ہیلمٹ کے خلاف خلاف ورزیوں پر 475 ڈرائیوروں کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات کے اندراج کو یقینی بنایا گیا۔ تعمیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر کبریٰ ناصر خان کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپٹل پولیس کا وفاقی وفاقی حکومت اسلام آباد میں مختلف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کیپٹل پولیس نے، اس سلسلہ میں رواں سال ڈاؤن ہارن، ہیلمٹ کے استعمال، بے احتیاطی سے گاڑی دوڑنا سائیکل چلانے اور کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائیں گئیں

محسن نقوی کی ہندو کمیونٹی کو ہولی کے تہوار کی مبارکباد

ہندو برادری سمیت تمام اقلیتیں پاکستان کے برابر کے شہری ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہندو کمیونٹی کو ہولی کے تہوار کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والی ہندو برادری (بقیہ نمبر 45)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سب سے صاف آواز
ناقابل تسخیر قوتوں کا ناقابل تسخیر ہتھیار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پوائنٹ آف سیل سسٹم کا دائرہ بڑھانے کا فیصلہ

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نجی سکولوں، ہسپتالوں، بڑے پرچون فروشوں، ہوٹلوں، فٹنس سینٹرز سمیت درجنوں کاروباروں کے لیے پوائنٹ آف سیل سسٹم یکم جولائی 2024ء سے لازمی قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں جاری کیے گئے ایس آر او کے تحت پوائنٹ آف سیل سسٹم کے لیے کاروباری اداروں کو ایف بی آر کے منظور کردہ سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر نصب کرنا ہوں گے۔ اس سے پہلے پوائنٹ آف سیل سسٹم نصب کرنے کی ذمہ داری صرف بڑے پرچون فروشوں اور مخصوص کاروباروں پر ہی عائد ہوتی تھی لیکن اب درجنوں پروفیشنل سروس پروائڈرز، ہیلتھ کیئر پروائڈرز، ریٹیلرز بشمول مینوفیکچرر کمرس ریٹیلرز، ہول سیلرز، ریٹیلرز، ایمپورٹرز کم ریٹیلرز کاروباروں کی فہرست میں شامل کر دیا گیا ہے جہاں پوائنٹ آف سیل لازمی ہے۔ ایف بی آر نے یہ تمام کاروبار کرنے والوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی تنصیبات پر پوائنٹ آف سیل نصب کریں۔ وہ چھوٹے ریٹیلرز اس نئے قانون سے مستثنیٰ ہیں جہاں پچھلے 12 مہینے میں بجلی کا مجموعی بل 12 ہزار سے کم آتا ہو۔ یہ تمام اقدامات آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ اس سے قبل ٹیکس آمدن بڑھانے اور قومی خزانہ بھرنے کے لیے کئی ایمنسٹی سکیمیں لائی گئیں مگر ان کی فعالیت بھی خاطر خواہ نتائج سامنے لانے سے قاصر رہی۔ ایک عام آدمی ایک ماچس خریدنے پر بھی ٹیکس ادا کرتا ہے۔ اس وقت ماہانہ پچاس ہزار سے ایک لاکھ کمانے والا پابند ہی ٹیکس ادا کر رہا ہے اور تنخواہ داروں کی تنخواہ ادا کرنے سے پہلے ہی ٹیکس کاٹ لیا جاتا ہے جبکہ ماہانہ بنیادوں پر کروڑوں اربوں کمانے والے ٹیکس کی مد میں ایک پائی بھی جمع نہیں کراتے۔ سابق وزیر خزانہ حفیظ شیخ کا یہ بیان ریکارڈ پر موجود ہے جو انھوں نے اسمبلی کے فلور پر کھڑے ہو کر دیا تھا کہ ساڑھے گیارہ سو ممبران میں سے ساڑھے آٹھ سو ممبرز ٹیکس کی مد میں ایک دھیلا بھی جمع نہیں کراتے جس سے بجٹ بی انداز ہ لگایا جا سکتا ہے کہ حکومت کا سارا زور صرف کمزور طبقات پر ہی چلتا ہے۔ بے شک معیشت میں بہتری لانے کے لیے ایسے اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں، سخت فیصلے کر کے ہی معیشت کو بہتری کی طرف لایا جا سکتا ہے مگر یہ طرفہ تماشا ہے کہ ایسے سخت فیصلوں کا اطلاق صرف عوام پر ہی کیا جاتا ہے۔ بہتر ہے کہ ٹیکس وصولی کا کوئی ایسا میکانزم بنایا جائے جس میں اشرافیہ کے گرد گھیرا تنگ کیا جا سکے ورنہ حکومت کا ایسے اقدامات عام آدمی کو مزید مایوس ہی کریں گے۔

موضوع: "زمانہ خراب ہے"

تحریر: مریم شکیل (نوشہرہ مولن ویلی)

اکثر ہمیں اپنے اوکرد سے یہ جملہ سننے کو ملتا ہے کہ زمانہ برا بنانے والے ہم خود ہی ہیں۔ زمانہ وہی ہے جو آج سے کئی سال پہلے تھا اور آج بھی ویسا ہی ہے۔ بدلیں تو ہم خود بدلیں ہیں۔ اگر آج کی بات کروں تو ہم سب ظاہری نمود و نمائش کیلئے بھاگ رہے ہیں۔ ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اچھا کا دور جدید دور ہے ہمیں بہت سی ایسی سہولتیں میسر ہیں جو ہمارے کاموں کو آسان بنا رہی ہیں اور پہلے کے لوگوں کو یہ سب میسر نہیں تھیں وہ لوگ محنتی تھے خوار تھے۔ ہر چیز کا فائدہ بھی ہوتا ہے اور نقصان بھی اسی طرح بات کی جائے موبائل فون کی جو کہ اٹکل ہماری شاید ضرورت بن چکا ہے۔ بچے سے لے کر ایک بوڑھے انسان تک سب اس کے عادی ہو چکے ہیں۔ رشتوں میں فاصلے آ چکے ہیں۔ آج کل بچہ گھوڑا سا رونے لگ گیا تو ماں اسے موبائل دے کر بہلا لیتی ہے۔ اب ایک بچہ بنے شعور بھی نہیں ہوتا کسی چیز کا سے کیا پتا اچھے اور برے کا۔ سوشل میڈیا ہمارے بچوں کو تباہ کر رہا ہے ہمارے بچے وقتی کام کرتے ہوتے ہیں۔ میں سب کی بات نہیں کر رہی لیکن 60 فیصد گھروں میں ایسا ہوتا ہے اور یہ حقیقت ہے۔ ہم ہمیشہ فخر سے کہتے ہیں کہ ہمارے بچے ماڈرن ہیں۔ ماڈرن ضرور ہوتے ہیں وقت کے ساتھ انھیں ضرور چلا ئیں لیکن خود نگرانی ضرور کریں۔ میری آپ سب سے گزارش ہے کہ آپ اپنے بچوں کی پرورش بہت اچھے سے کریں انھیں خود سے قریب رکھیں تاکہ وہ اپنی ہر بات آپ کو آسانی سے بتا سکیں تاکہ انھیں کوئی اور سہارا ڈھونڈنا پڑے۔ اپنے بچوں کو دین کے بارے میں بتائیں اور جب آپ اپنے بچے کو موبائل دیں تو ضرور دیکھیں کہ ایپلیکیشن دیکھ رہا ہے اگی سرگرمیں پر نظر رکھیں ساری کنڈیاں ہمارے اپنے اندر ہیں اور قصور وار ہم زمانے کو ٹھہراتے ہیں آخر کیوں؟

غریب کی آواز مریم نواز

تحریر۔۔۔فرحت عباس

پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کا اعزاز اپنے نام کرنے والی مریم نواز شریف نے 26 فروری 2024ء کو وزیراعلیٰ پنجاب کا حلف اٹھا کر پنجاب کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا۔ امید ہے کہ وہ غریب عوام کے دل جیت لیں گی۔ مریم نواز شریف حلف اٹھانے کے ساتھ ہی ان پہلی دفعہ نگہبان رمضان پیکج غریب اور مستحق افراد کے گھروں تک پہنچانے کا عمل جاری ہے اور وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب کے تمام بے راہ چلنوں کی ایمرجنسی میں فری میڈیکل کی سہولت فراہم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ پنجاب کے انٹر ایپلیسن سروس شروع کرنے کا بھی اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی یہ سوچ تھی کہ آج سے چند سال قبل مری میں برف باری کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضیاع ہوئی تھی۔ اگر اس وقت انٹر ایپلیسن سروس ہوتی تو اتنی زیادہ جانوں کا ضیاع نہ ہوتا۔ جیسے کہ بھی عرصہ پہلے موٹروے پر بس حادثہ ہوا تھا مگر کہرا جس کی وجہ سے بہت سی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا۔ اس طرح کے حادثات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے موٹروے پر بھی ریسکیو ایپلیسن سروس شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پورے پنجاب میں صفائی کے حوالے سے بھی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت انتظامیہ کو ہدایات جاری کر دی اور یہ کہا کہ میں پنجاب کے ہر ضلع کا دورہ کروں گی اور صفائی ستھرائی کی صورت حال کو سی جس کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی جو کہ ستھرا پنجاب پروگرام جاری ہے۔ پنجاب میں ہیلتھ سکیمز میں زیرہ پیسہ سرمایہ میں خواتین کا رش اور مناسب سہولیات کا فقدان کس صورت قبول نہیں ہوگا۔ وسیلہ لوگوں کو بھی بہترین سہولیات میسر آنی چاہیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ میں ایک خاتون ہوں مجھے پتا ہے کہ خواتین کو کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میں اس پر بھی خصوصی توجہ مرکوز رکھوں گی تاکہ میرے پنجاب کی غریب عوام کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ میرے غریب عوام کی پریشانی میری پریشانی ہوگی۔ مریم نواز نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ سابق وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف سے مت پہلے ہیلتھ کارڈ 2015ء میں شروع کیا تھا جو کہ بعد میں آنے والی حکومت میں بھی اچانک کرپشن کی نظر ہوا ہے اس خصوصی کو میں دوبارہ پنجاب میں شروع کروں گی جس سے پنجاب کے غریب عوام کو ہیلتھ کی سہولیات فری میسر ہوگی جو کہ حکومت پنجاب کی ذمہ داری ہوگی۔ مریم نواز شریف نے پنجاب میں خواتین کے مسائل پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیا ہے اور پنجاب کی خواتین کے لئے بھی جیسے نوجوانوں کو قرض ملتا ہے ویسے ہی خواتین کو بھی قرض دینے کی بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے صوبہ پنجاب میں جہاں مرد حضرات خصوصاً پنجاب پولیس میں اہم ذمہ داریاں سرانجام دیتے ہیں وہیں پر ہماری پنجاب کی خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ ہمارے ہسپتالوں میں نرسنگ سٹاف تربیت یافتہ ہیں میڈیکل سٹاف کے دستیابی کو یقینی بنانے میں پنجاب میں نرسنگ سکول کھلوں گی تاکہ ہماری خواتین وہاں سے تعلیم حاصل کر کے اپنے مالک میں اور بیرون ملک میں باعزت روزگار حاصل کر سکیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کسی بھی خاتون کو حراساں کرنا میری رپلیٹاس ہوگی۔ مزید برآں انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے سرکاری محکموں میں جہاں پر خواتین کام کر رہی ہیں وہاں پر ان کے بلیو ہوا رم لازمی ہونے چاہئیں اور ڈے کیئر سنٹر بھی بنائے جائیں تاکہ نا خواتین اپنا کام احسن طریقے سے سرانجام دے سکیں اور پنجاب کے تمام محکموں میں خواتین کو بہترین ماحول فراہم کرنا ہے میری ذمہ داری ہوگی اور خواتین کو رہائش کے بہت مسائل درپیش ہیں پنجاب میں خواتین کے لئے ہاسٹل بھی بنواں گی تاکہ خواتین کو رہائش کا مسئلہ درپیش نہ ہو اور وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں اپنے کام کو بہتر بنانے میں خرچ کریں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب میں کھیلوں کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ میں کھیلتا اور کے بڈھتا ہوا پنجاب دیکھنا چاہتی ہوں اور یہ میرا خواب ہے کہ پنجاب کی نوجوان نسل کو سادی کھیلوں کے مواقع ملنے چاہئیں تاکہ وہ آگے بڑھ کر ملک اور قوم کا نام روشن کرے اور یہ ہمارا فخر ہے۔ میں پنجاب کے تمام سرکاری سکولوں کے گراؤنڈ بچوں کے لئے کھلے رکھوں گی تاکہ بچے کھیلوں میں بھرپور حصہ لے سکیں۔ پہلی خاتون وزیراعلیٰ ہے جس نے کہا ہے کہ میں پورے پنجاب میں مساوی ترقی چاہتی ہوں اور یہ میری پالیسی ہوگی کہ پورے پنجاب میں ہر جگہ مساوی سہولیات میسر ہوں میں صرف لون لیگ کی وزیراعلیٰ نہیں ہوں بلکہ 12 کروڑ عوام کی وزیراعلیٰ ہوں۔ مریم نواز شریف وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ میں اپنے صوبہ کی عوام کے لئے بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کروں۔ جیسے کہ بنیادی خدمات آپ کی دہلیز پر پیدائشی سرٹیفکیٹ، نوشتی سر ٹیفکیٹ، رجسٹری اور اس طرح کی دیگر خدمات لوگوں کے گھروں تک پہنچائی جائیں۔ صوبہ پنجاب کو آئی ٹی ہب دیکھنا چاہتی ہوں۔ یہ ون ملک سے I.T کی بڑی کمپنیوں کو پنجاب میں بزنس کرنے پر مجبور کیا جائے گا اور ان کو پنجاب میں پنجاب گورنمنٹ زمین بھی دے گی اور دیگر سہولیات بھی فراہم کرے گی اور پہلے فیز میں پنجاب کے 5 بڑے شہروں کا IT سٹی بنایا جائے گا۔ مریم نواز شریف وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنے عہدہ کا حلف اٹھاتے ہی اعلان کر دیا کہ پنجاب کے غریب گھرانوں کو جن کی بجلی کے یونٹ 300 تک ہیں انہیں سولر پینل آسان قسطوں پر دیئے جائینگے تاکہ جو وہ بجلی کا بل دیتے ہیں وہ پیسے سولر پینل کی قسط ادا کر کے کچھ ہی عرصہ میں بجلی کے بلوں سے پریشان عوام اس پریشانی سے آزاد ہو سکے۔ مریم نواز شریف کا اعلان کرنا تھا پنجاب کی غریب عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے فخر کیا غریب کی آواز مریم نواز صرف ہی نہیں بلکہ پنجاب کے نوجوانوں اور طلباء وطالبات کو لیپٹاپ، موٹر بائکس اور خواتین کو سکوٹی دینے کا اعلان بھی کیا اور خواتین کو فائنانسیوں کا فیصلہ اور مہنگائی سے پریشان عوام کے لئے ریلیف ہر ضلع میں کنٹرول پرائس جمہوریت کمیٹی تشکیل دے دی گئی اور صوبائی سطح پر ہر ضلع کی پرائس کو مانیٹرنگ مینٹرنگ کمیٹی تشکیل دی گئی جو کہ ہر ضلع کی پرائس کے بارے میں مانیٹرنگ کر کے وزیراعلیٰ کو رپورٹ کرتی ہے۔ پہلی خاتون وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ میری خصوصی توجہ پنجاب کے چھوٹے کسانوں پر ہوگی جو کہ محنت کرتے ہیں اور ملک کے لئے غلہ اگاتے ہیں جسے عوام کھاتی ہے اور ان کسانوں کو ان کی محنت کا پورا حق بھی نہیں ملتا ہے۔ میں بطور وزیراعلیٰ پنجاب اپنے اپنے کسان بھائیوں کے لئے جدید زرعی مشینری رعایت پر فراہم کروں گی۔ ہمارے زراعت کے شعبہ میں ابھی تک پرانے نظام کے تحت کھیتی باڑی کی جاتی ہے جس کی وجہ سے سالانہ 30 لاکھ ٹن گندم اور 35 لاکھ ٹن چاول ضایع ہو جاتے ہیں۔ جدید زرعی آلات کی بدولت ہم سالانہ یہ نقصان ختم کر سکتے ہیں اور مزید بہتر پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارے فروٹ کی ڈیمانڈ بیرون ملک بہت ہے اس کی پیکنگ کے لئے جدید سسٹم نصب کیا جائیگا۔ اس طرح ہمارے لائیو سٹاک کے شعبہ میں بہت زیادہ ترقی کے امکانات ہیں۔ ہمارے ملک کے بہترین گوشت کی عرب ممالک میں بہت ڈیمانڈ ہے اس کو بھی جدید نظام کی طرف لائیں گے۔ رمضان المبارک کے اس بابرکت مہینے میں وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق پنجاب بھر کی انتظامیہ انتہائی متحرک ہے اور رمضان ماڈل بازار لگوا کر غریبوں کو رعایتی قیمت پر پھل اور سبزیاں مہیا کی جا رہی ہیں۔ فیصل آباد ڈویژن کے اندر کمشنر فیصل آباد ضلع سعیدے دورے بھی کئے اور تمام ڈپٹی کمشنرز کو رمضان ہدایات کی کہ پنجاب گورنمنٹ کے ویژن کے مطابق غریبوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔ غریب عوام کثیر تعداد میں ان بازاروں کا رخ کر رہی ہے اور ضلعی انتظامیہ اور خصوصی طور پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتی ہے۔ بڑے شہروں میں فری دوائی فائی کی سہولت کا منصوبہ پر کام شروع کر دیا گیا ہے تاکہ غریب لوگ جو کہ انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم رہتے ہیں وہ بھی اس کا فائدہ حاصل کر سکے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ان فیصلوں کی وجہ سے پنجاب سے آواز اٹھا شروع ہوگئی۔ پنجاب کی بیٹی، پنجاب کی آواز مریم نواز۔ مریم نواز۔

معاشی ایمرجنسی کا نفاذ

تحریر۔حافظ فضل ربی

(ر) وہ جملہ الفتیں اور دریا تیں جو اداروں کے چیئرمین و نظام اور تحفظ دینے والے اوزارت کے سبب ضائع ھورہے ہیں اس کی حوصلہ افزائی ہو تا کرفم ہی اصلاحیتیں قوم ہی کے کام آسکیں۔

(ز) اسٹیٹ کونسل جنمایہ اپنی وطن کی حرمت قلس ارار اور مفادات کی ضامن اور محافظ ہو کہ ایک باصلاحیت اور مضبوط معاشرہ تشکیل پایا جا سکے۔ کیونکہ تا حال ہم جغرافیائی طور پر تو آزاد ہیں مگر معاشرتی اور معاشی طور پر ابھی تک غلامی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

(ک) باہر ممالک میں جتنے بھی پاکستانی ہیں وہ پاکستان کا نہایت قیمتی سرمایہ ہیں مگر اس وقت سے پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں کر سکتے کہ کہیں آن کا سرمایہ ڈوب نہ جائے۔ لہذا پاکستان میں ان کی یا ان کے وصاصت سے باہر ممالک کے سرمایہ کار کی کونسلٹ کونسل کے جانب سے تحفظ۔ حفاظت اور اداروں کی پیشہ ورانہ سے بہرہ ور ہونے کی سہولت مہیاء ہو۔

(ل) مستقبل میں پاکستان کی ادائی نے نہایت ہی تیزی سے بڑھنا ہے۔ چونکہ تجارتی راستے آپا ہوکر ان کو اپنی جانب کھینچ لیا کرتی ہے۔ اب یہ سٹیٹ کونسل کی ذمہ داری ہے کہ اس یوں کہ پردہ اراضی جس سے دفاع۔ زراعت معدنیات یا مزید ضروری ذرائع متاثر نہ ہوں کہ الگ الگ خدمت بتائیں جائیں جو انڈسٹری ایجوکیشن اور ہاؤسنگ زون کے لئے متعین ہوں۔

(م) ہر شہری سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اس سختی کے بچانے میں معاون ہوں جس میں دین کی حرمت سمیت اپنا سب کچھ وابستہ ہے لہذا کوئی بھی جرم سرزد ہونے کی صورت میں ایمرجنسی ایک کا ایک دفعہ مزید لگایا جائے تا کہ مجرم سے جرمانہ بھی وصول ہو اور اسے ان ڈیسارے پر عزت مراعات سے محروم بھی کیا جائے جو اس مستقبل میں بہ حیثیت وارث ملنے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

مومنہ اقبال نے سوشل میڈیا کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیدیا

سوشل میڈیا پر دی حد تک فیک ہے اور جو دیکھ آپ سوشل میڈیا پر دیکھتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مومنہ اقبال نے سوشل میڈیا کو جھوٹ کا پلندہ قرار دے دیا۔ حال ہی میں مومنہ اقبال فی دی کی رمضان ٹرانسمشن میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران سوشل میڈیا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مومنہ کا کہنا تھا کہ میں ہاکسٹوں کو صحیح سوچے بغیر پوسٹ کرتے ہوئے دیکھتی اور سوچتی رہتی ہوں کہ یہ لوگ اپنے باصلاحیت ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ بعض اوقات میں بھی ایک ہفتہ پرانی تصاویر پوسٹ کرتی ہوں اور لوگ کہتے ہیں

پرانا کا چوڑا کی بابری مسجد کو مسمار کر کے بنائے گئے رام مندر میں پوجا پاٹ

صدیوں پرانی بابری مسجد کو جو دسمبر 1992 کو انتہا پسندوں کے ہجوم نے منہدم کر دیا تھا

ایودھیا (این این آئی) بھارتی ہندو اداکارہ پرانا کا چوڑا اور ان کے شوہر امریکی گلوکار نک جونس نے اپنی دوسالہ بیٹی مائتی کے ساتھ بابری مسجد کو مسمار کر کے بنائے گئے ایودھیا کے رام مندر میں پوجا پاٹ کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رام مندر کے افتتاح 22 جنوری کو بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے کیا تھا۔

منیب بٹ نے جلدی شادی کرنے کی وجہ بتا دی

جب پیسہ اور شہرت ملتی ہے تو لوگ گمراہ ہو جاتے ہیں اس لیے میں نے جلدی شادی کر لی

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار منیب بٹ نے جلدی شادی کرنے کی وجہ بتا دی۔ منیب بٹ نے حال ہی میں ایک فی دی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے چھوٹی عمر میں شادی کرنے کے حوالے سے بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے اکبن سے شادی اس وقت کی جب میں شوبز انڈسٹری میں اپنی جگہ بنانے کی کوشش کر رہا تھا اور اپنے کیریئر میں کامیابی حاصل کرنے کے بہت قریب تھا۔ اداکار نے بتایا کہ شوبز انڈسٹری میں انسان کو پیسہ اور شہرت ملتی ہے اور میں نے بھی بارہا کہ دوراں لوگوں کو اپنی زندگی میں گمراہ ہی ہوتے دیکھا ہے۔

انوشکا شرما اور کوہلی کا بھارت چھوڑ کر برطانیہ منتقل ہونے کا فیصلہ

دونوں بچوں کے ساتھ ہمیشہ کے لیے برطانیہ منتقل ہونے کا منصوبہ بنا رہے ہیں

نئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار انوشکا شرما اور ان کے شوہر بھارتی کرکٹر ویرات کوہلی کے حوالے سے خبر ہے کہ ان کے ہاں جنوری ایسا بیٹے کی پیدائش کے بعد ہمیشہ کے لیے برطانیہ منتقل ہونے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ رواں سال 15 فروری کو انوشکا شرما اور ویرات کوہلی نے اپنی بیٹے کو دنیا میں خوش آمدید کہا، ان کے بیٹے کی پیدائش لندن میں ہوئی جس کے بعد سے یہ خاندان برطانیہ میں ہی اپنی رہائش کو ہی ترجیح دے رہا ہے، تاہم ویرات کوہلی اگر ین پریمئر لیگ (آئی پی ایل) کھیلنے کے لیے حال ہی میں بھارت واپس آئے ہیں، ویرات کوہلی کے اکیلے جانے کے بعد سوشل میڈیا پر اس جوڑی سے متعلق کئی سوالات جنم لے رہے ہیں۔

عامر خان کی نئی فلم ستارے زمین پر' کے سیٹ سے تصویر وائرل

نئی (این این آئی) بھارتی سپر اسٹار عامر خان کی نئی فلم ستارے زمین پر' کے سیٹ سے تصویر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ اداکار فلم کی مرکزی اداکارہ جینیلیا ڈی سوزا کے ساتھ مارکٹوں کی دنیا میں قدم رکھ رہے ہیں، اس فلم میں ان کے ساتھ آر مادھون اور جینیلیا مرکزی کردار میں ہوں گی۔ فلم' شیطان' کے ڈیئر لائج کے موقع پر اجے دیوگن نے ہار فلمیں کرنے میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور بتایا کہ وہ کالے جادو، جنات اور نظر بد پر یقین رکھتے ہیں۔

کالا جادو ہر کلچر میں پایا جاتا ہے، اجے دیوگن

میں نے خود جنات اور ادوپری اثرات کی موجودگی کو محسوس کیا ہے

نئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار اجے دیوگن نے کہا کہ کالا جادو ہر کلچر اور ہر مذہب یا کلچر میں پائے جاتے ہیں جبکہ وہ خود بھی کالی بار جنات اور ادوپری اثرات کو محسوس کر چکے ہیں۔ اجے دیوگن اپنی فلم بار فلم' شیطان' کے ساتھ ہارٹھلوں کی دنیا میں قدم رکھ رہے ہیں، اس فلم میں ان کے ساتھ آر مادھون اور جینیلیا مرکزی کردار میں ہوں گی۔ فلم' شیطان' کے ڈیئر لائج کے موقع پر اجے دیوگن نے ہار فلمیں کرنے میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور بتایا کہ وہ کالے جادو، جنات اور نظر بد پر یقین رکھتے ہیں۔

عامر خان اور جینیلیا ڈی سوزا کی 'ستارے زمین پر' کے سیٹ پر خوش گپیاں

فلم ستارے زمین پر 2007 کی سپر ہٹ فلم تارے زمین پر کا سیکوئیل ہے



نئی (این این آئی) معروف بالی ووڈ اداکار عامر خان اور اداکارہ جینیلیا ڈی سوزا فلم' ستارے زمین پر' کے سیٹ پر ایکٹھے ہو گئے۔ واضح رہے کہ اس فلم میں عامر اور جینیلیا کے علاوہ عامر خان کی فلم تارے زمین پر' ایشانت کے مرکزی کردار نبھانے والے داشیل سطرے بھی اداکاری کے جوہر دکھاتے نظر آئیں گے۔ فلم اپنی نئی تکنیک کے مراحل میں ہے جس کی شوٹنگ کے دوران پس پردہ تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ ان ہی میں سے ایک تصویر میں عامر خان اور جینیلیا ڈی سوزا کی ہے جس میں دونوں اسٹارز خوش گپیاں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ واضح رہے کہ فلم ستارے زمین پر کے حوالے سے عامر خان نے کہا تھا کہ وہ رواں برس فروری میں اس فلم کی شوٹنگ کا آغاز کریں گے۔

SPORTS سپورٹس

رمضان اوپن کچن کے تحت مسلم ہینڈز پاکستان کا احسن اقدام

مستحق خاندانوں میں روزانہ افطار اور راشن کی فراہمی کا سلسلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) رمضان اوپن کچن کے تحت غریب اور مستحق افراد کی مدد کیلئے مسلم ہینڈز پاکستان کا احسن اقدام، روزانہ کی بنیاد پر اسلام آباد کے نواحی علاقوں میں تین سو مستحق خاندانوں کو اعلیٰ معیار کے پکے کھانوں کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مسلم ہینڈز پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر سید فیضا انور کے مطابق ماہ رمضان کے دوران فلاحی کاموں میں نوجوان رضاکار بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں جبکہ امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا، برطانیہ، یورپ سمیت دیگر ممالک سے ڈونرز رمضان اوپن کچن کو بھی بہترین سہولیات میسر آئی اور راشن پیکج کے ذریعے دیگی اور مستحق خاندانوں کو دیگیں بھر پور تعاون کر رہے ہیں۔ فیضا انور نے بتایا کہ مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کوشاں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق کی باعزت طریقے سے ماہ مقدس کے دوران اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنایا جائے بلکہ افطار سے قبل اہلی کوائی کا کھانا چکھا کر تحقیق خاندانوں کے گھروں تک پہنچایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہر رمضان المبارک کے دوران اچھے اور نیک مقصد کیلئے ضرورت مند افراد کی مدد کیلئے ملک کے دوسرے شہروں میں بھی رمضان اوپن کچن اور راشن پروگرام جاری ہے۔

کنگ کہہ کر نہ بلایا جائے، ویرات کوہلی کی درخواست

انہیں اس لقب سے شرمندگی محسوس ہوتی ہے، ویرات کوہلی

نئی دہلی (این این آئی) معروف بھارتی کرکٹر و سابق کپتان ویرات کوہلی نے ماحوں سے درخواست کی ہے کہ انہیں کنگ کہہ کر نہ پکارا جائے، انہیں اس لقب سے شرمندگی محسوس ہوتی ہے۔ گزشتہ روز اڈین پریمئر لیگ کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی جیت کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی جس میں ویرات کوہلی بھی شریک ہوئے۔ ویرات کوہلی نے جذباتی انداز میں کہا کہ میں کھلاڑی فاف ڈوپلیسی کے ساتھ مل کر فرنچائز کی جیتی تھی لیکن اب میں اس دوران ایک نیا سوالی اسٹیڈیم دیکھتا ہوں۔ ویرات کوہلی نے ماحوں سے کچھ اچھا بھرا ہوا تھا۔

پی ایس ایل کے اچھے پرفارمرز کوچ میں بلا رہے ہیں، محسن نقوی

کسی لالچی کی نہیں سنیں گے، کیمیکل میرٹ پر کام کرے گی، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کے اچھے پرفارمرز کو کوچ میں بلا رہے ہیں، کسی لالچی کی نہیں سنیں گے، کیمیکل میرٹ پر کام کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو بھی رزلٹ ہوں گے میں کیمیکلز کو ہم پرانے کرکٹرز کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں گے۔

آئی سی سی نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے ٹرافی ٹور کی لانچنگ کر دی

دوران 15 ممالک کا دورہ کرے گی

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ٹرافی ٹور کی لانچنگ کر دی۔ ٹرافی ٹور کی لانچنگ سیرینا پارک کے علاقے میں ایمپلیئر انسٹیٹیوٹ بلڈنگ میں کی گئی، ویسٹ انڈیز کے سابق کپتان کرس گیل اور امریکا کے کھلاڑی علی خان نے کی ورلڈ کپ ٹرافی کے لانچنگ کی۔ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ٹرافی ٹور کے دوران 15 ممالک کا دورہ کرے گی۔ آئی سی سی نے ابتدائی طور پر پہلے ایک مہینے کے ٹرافی ٹور کا شیڈول جاری کیا ہے۔ ٹور کے دوران ٹرافی کو ارجنٹینا، برازیل اور کینیڈا بھی لے جایا جائے گا۔ ٹرافی کو 18 سے 23 مارچ تک نیوارک، وڈیس اور ہوسٹن کا ٹور کرایا جائے گا، امریکا کے بعد ورلڈ کپ ٹرافی کو ویسٹ انڈیز کا دورہ کرایا جائے گا۔

ویسٹ انڈیز کی خواتین کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کے شیڈول کا اعلان

"مہمان ٹیم 14 اپریل کو کراچی پہنچے گی، دورے میں پانچ ٹی ٹوئنٹی اور تین ون ڈے شامل

لاہور/اسلام آباد (این این آئی) ویسٹ انڈیز کی خواتین کرکٹ ٹیم تین ون ڈے اور پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے کیلئے 14 اپریل کو کراچی پہنچے گی۔ یہ پاکستان کرکٹ ایسوسی ایشن کی چیئرمین شپ 2022-25 کی پاکستان میں آخری سیریز ہوگی۔ تین ون ڈے میچز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ 2022-25 کا حصہ ہیں جبکہ یہ میچز 18، 21 اور 23 اپریل کو کراچی کے جناح سپورٹس اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ ون ڈے سیریز کے بعد پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز اسی مقام پر کھیلے جائیں گے۔ ٹی ٹوئنٹی میچز 26، 28، 30 اپریل، 2 اور 3 مئی کو شیڈول ہیں۔ ون ڈے انٹرنیشنل میچز شام ساڑھے تین بجے شروع ہوں گے جبکہ ٹی ٹوئنٹی میچ کا آغاز شام ساڑھے سات بجے ہوگا۔ پاکستان ویمنز ٹیم اوق

1

270 موٹر سائیکلیں برآمد، کئی گاڑیاں پکیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان شہزاد اور اسماعیل کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان سے 200 موٹر سائیکلیں برآمد، ایک انڈیا پنڈ ملزمان کی گرفتاری اور 15 موٹر سائیکلیں برآمد کی کارروائی کرتے ہوئے عظیم مرید عمر اور حماد کو گرفتار کر لیا۔ مزید برآمد کرتے ہوئے عظیم مرید عمر سے 85 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئی۔ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کیس کی تفتیش کی جا رہی ہے۔ عاصم مقبول ڈپٹی کمشنر پنڈی بار کلب کا بلاک کی بلاک زخمی حضرت پنڈی بار کلب کے عہدیداران کو ملزمان کی گرفتاری کے حکم دیا۔ ڈی پی او چکلالہ نے کہا کہ ہم ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ ڈی پی او چکلالہ نے کہا کہ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کیس کی تفتیش کی جا رہی ہے۔ ڈی پی او چکلالہ نے کہا کہ ملزمان کے خلاف ایک مقدمہ درج کیا گیا

این ایچ اے اور ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت شہری سانس کی بیماریوں میں مبتلا

جی ٹی روڈ گوجرخان کی اکھاڑ پچھاڑ سرکاری وفجی سکول اور ہسپتال مٹی کی اٹ دھول کی زد میں بچے بڑے سخت اذیت کا شکار

ایک ماہ زائد عرصہ گزر گیا پرانے ناہموار افس سے لیکر خدمت مرکز تک اکھاڑی روڈ بحال نہ ہو سکا CM پنجاب اور حکام بالا تشی سے نوٹس لیں شہری حلقے

جی ٹی روڈ گوجرخان کی اکھاڑ پچھاڑ کا شکار ہو کر خشہ حالی اور گھکڑات کے مناظر پیش کرنے لگی تھی

گوجرخان (قمرشہزاد) جی ٹی روڈ گوجرخان جو کافی عرصہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر خشہ حالی اور گھکڑات کے مناظر پیش کر رہی تھی جس سے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا تھا آج دن پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا پر خبریں لگنے کے بعد این ایچ اے حکام خواب غفلت سے جاگے اور روڈ کی اکھاڑ پچھاڑ شروع کر دی ہے جلد ہی روڈ تیار کرنا شروع کیا جائے گا اس سے شہری حلقوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا خدا خدا کر کے کھرلوٹا تھا اور روڈ تیار ہونا شروع ہوئی شہری حدود (بقیہ نمبر 1)

بچوں کو ان کے حقوق اور قوانین کے حوالے سے لیکچر

چائلڈ لیبر کے حوالے سے ہماری ہیلپ لائن پر کال کریں، قاضی اسماء ناز

ڈکری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) قوانین کے حوالے پر لیکچر دیا۔ سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن اسسٹ خان پیک اسکول میں چائلڈ لیبر لیکچر سے ملنے والے خان پیک اسکول ڈپٹی ڈائریکٹر قاضی اسماء ناز اور سوشل ویلفیئر آفیسر جنید مرزا (بقیہ نمبر 3)

ہمارے خلاف منشیات کے دو جھوٹے مقدمات درج کئے گئے

3 اشخص کے کہنے پر ایک مقدمہ خارج کیا گیا، دوست علی جزدار کی پریس کانفرنس

ڈکری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ٹنڈو جان محمد پولیس نے ہمارے خلاف منشیات کے دو جھوٹے مقدمات درج کر لیے ہیں۔ علاقے کے ایک بااثر شخص کے کہنے پر (بقیہ نمبر 4)

ہمراہ پریس کلب ڈکری میں بتایا کہ ٹنڈو جان محمد جان تھانے کے حدود میں دوست علی جزدار کے نواحی گاؤں دھک 196 ڈکری کے رہائشی دوست علی جزدار نے اپنے چلنے گلبار جزدار کے

سول ہسپتال کے باہر مریضوں کی تیمارداخواتین ماہ میاں میں کھلے آسمان تلے انتہائی تکلیف بچوں کے ساتھ سو رہی ہیں

آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کی یادگار شہداء پر حاضری

ہیرت، قانون اور انصاف کی بالادستی سمیت بہترین سروس ڈلیوری اولین ترجیحات ہیں

شہداء کی فیملیز اور پولیس ویلفیئر کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، آر پی او

راولپنڈی (این ایس آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ریجنل دفتر آمد پر بطی آر پی او نے راولپنڈی پولیس لائن بیکوارڈز کے میں یادگار شہداء پر حاضری دی۔ آر پی او اور پولیس لائن بیکوارڈز آمد پر سی پی او راولپنڈی سید غالد محمود ہمدانی و دیگر افسران نے استقبال کیا۔ پولیس کے چاق و چوبند (بقیہ نمبر 5)

آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے کے بعد آر پی او نے یادگار شہداء پر حاضری دی۔ راولپنڈی پولیس لائن بیکوارڈز آمد پر سی پی او راولپنڈی سید غالد محمود ہمدانی و دیگر افسران نے استقبال کیا۔ تعیناتیوں کے مطابق حال ہی میں تعینات ہونے والے ریجنل پولیس

یونائیٹڈ پریس کلب رجسٹرڈ چوآ سیدن شاہ کا خصوصی اجلاس

مرحوم صحافیوں کی خدمات پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا گیا

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) یونائیٹڈ پریس کلب رجسٹرڈ چوآ سیدن شاہ کا خصوصی اجلاس صدر یونائیٹڈ پریس کلب رجسٹرڈ چوآ سیدن شاہ ساجد حسین، ناب صدر راجہ راشد محمود، ناب صدر ملک ابرار حسین، ناب صدر افتخار حسین، جنرل سیکرٹری منصور احمد جراح، ڈپٹی جنرل سیکرٹری طارق محمود، آفس سیکرٹری خاور شہزاد، انفارمیشن سیکرٹری بلال شوکت طور اور اعزازی (بقیہ نمبر 6)

کنجہان رمضان پیکج راشن کی تقسیم ہم نے عبادت سمجھ کر کی ہے، عابد زاہد

لاہور میں لوگوں کی کثیر تعداد کا تعلق دیگر اضلاع سے ہے، ریونیو آفیسر نشتر ٹاؤن

لاہور (این ایس آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے مشن پر عمل پر ہوئے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن ساجد زاہد کی ریگرانی میں ریونیو آفیسر مریلہ راجہ زاہد نے ایم پی ایم کے ہمراہ کنجہان رمضان پیکج آٹا آمدنی والے گھرانوں کی دہلیز تک ذمہ داری سے پہنچایا۔ ریونیو آفیسر راجہ زاہد نے زاہد کے مشن کو "آپ کا حق آپ کی دہلیز پر" مکمل کرتے ہوئے رمضان کنجہان پیکج کی سپلائی اور تقسیم کے لیے صبح 7 بجے سے رات 9 بجے تک ٹیلیز میں کام کرتی ہوں۔ میری ٹیم جن میں خصوصا اصغر علی شاکر (بقیہ نمبر 7)

6 پتنگ فروش ملزمان گرفتار، بڑی تعداد میں پتنگیں اور قاتل دھاتی ڈوریں برآمد

جہلم (این ایس آئی) جہلم پولیس نے پتنگ فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے بڑی تعداد میں پتنگیں اور قاتل دھاتی ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق سٹی کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان باسر مشتاق اور ارشد محمود کو گرفتار کر لیا، ملزم ارشد محمود سے 100 عدد پتنگیں (بقیہ نمبر 10)

جہلم، 3 منشیات فروش ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد

جہلم (این ایس آئی) تعداد منشیات کی خصوصی مہم کے دوران جہلم پولیس نے منشیات فروش ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 3 منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد کر لیں۔ صدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان شاہد محمود اور بقیہ نمبر 11)

سکولوں میں عارضی بھرتیاں، 33 ہزار اساتذہ کا ٹیسٹ لیا جائیگا

ٹیسٹ سکول کونسل یا محکمہ تعلیم کی سرپرستی میں ہوگا، بھرتیوں کا حتمی فیصلہ حکومت کرے گی

آرٹس کیلئے اردو، انگلش، اسلامیات، مطالعہ پاکستان، ہوم اکنامکس کا تجربہ رکھنے والے اساتذہ کے جائیں گے

لاہور (ثمائندہ عوامی لالکار) پنجاب کے سکولوں میں اساتذہ کی قلت دور کرنے کا فیصلہ، سکولوں میں 33 ہزار اساتذہ کی عارضی بھرتی کیلئے ٹیسٹ لیا جائے گا، ٹیسٹ سکول کونسل یا محکمہ تعلیم کی سرپرستی میں ہوگا، بھرتیوں کا حتمی فیصلہ حکومت کرے گی۔ سکولوں میں اساتذہ کی عارضی بھرتی کیلئے ٹیسٹ لیا جائے گا۔ آرٹس کیلئے اردو، انگلش، اسلامیات، مطالعہ پاکستان، ہوم اکنامکس کا تجربہ رکھنے والے اساتذہ رکھے جائیں گے۔ اکنامکس، سوشیالوجی، ایجوکیشن، عربی، پولیٹیکل سائنس، جیو (بقیہ نمبر 9)

گیس کی بڑھتی قیمتیں انڈسٹری کے لیے مشکلات پیدا کریں گی، کاشف انور

روزمرہ کے استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں بھاری اضافہ روکنا ممکن نہیں رہے گا، کاندان خالد بٹ

لاہور (این ایس آئی) پیپر، بورڈ اور پیکیجنگ انڈسٹری کے ماہر کا کہنا ہے کہ گیس کی قیمتوں میں کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور اور نائب صدر عدنان خالد بٹ سے ایاز وقیر میں

مسکو حملے کے چاروں ملزمان پر فرد جرم عائد، الزامات کا اعتراف کر لیا

حملے میں گرفتار 3 ملزمان کو ماسکو کی عدالت میں آنکھوں پر پٹی باندھ کر پیش کیا گیا

ماسکو (نائیٹرنگ ڈیک) روس کے دارالحکومت ماسکو کے کنسرٹ ہال پر حملے کے ملزمان پر دہشت گردی کے الزام میں فرد جرم عائد کر دی گئی، ملزمان نے عدالت میں جرم کا اعتراف کیا۔ بدھ کو شریانی ادارے کی رپورٹ کے مطابق حملے میں گرفتار 3 ملزمان کو ماسکو کی عدالت میں آنکھوں پر پٹی باندھ کر پیش کیا گیا جبکہ چوتھے ملزم کو وکیل جنیئر پر لایا (بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر چکوال کی امتحانی مراکز کا اچانک انسپکشن کا عمل جاری

امتحانی امیدواروں کے لئے پرسکون ماحول مستقل طور پر برقرار رکھا جائے

چکوال، (خاور شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا ہے کہ امتحانی نظام کا تقدس برقرار رکھنے کے لئے امتحانی مراکز کا اچانک انسپکشن کا عمل جاری ہے تاکہ امتحانی عمل کی شفاف تکمیل یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے یہ بات جج کے روز تکمیل (بقیہ نمبر 4)

کھیوڑہ سالٹ مائن ورکنگ ایریا پر ایک اور جان لیوا حادثہ

مزدور عتیق حسین بی ایم ڈی سی کی ناقص پالیسیوں کی بھینٹ چڑھ گیا

پنڈ دادنخان۔ کھیوڑہ (سرفراز عباس سے) حسب روایت سالٹ کھیوڑہ سالٹ مائن ورکنگ ایریا ایک اور جان لیوا حادثہ کھیوڑہ کا ایک اور جوان بی ایم ڈی سی کی ناقص پالیسیوں کی بھینٹ چڑھ گیا۔ باجن مزدور کا نام عتیق حسین تھا۔ ورکنگ ایریا میں نمک کا ٹوہ گرنے سے ہلاک نوجوان مزدور محمد عتیق حسین باجن ہوگیا تفصیلات کیمطابق (بقیہ نمبر 5)

کراچی: غلام نبی میمن کا ڈی جی سندھ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ہیڈ کوارٹر پولیس آفس میں سابق آئی جی رفعت مختار راجپوت و دیگر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

چوہدری عتیق نے سر میں گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا

عتیق کی اہلیہ روشنی کو بچوں سمیت سکتے کی آگ لگی ہوئی تھی، واپس آنے سے انکار پر خود کو گولی مار لی

لاہور (ثمائندہ عوامی لالکار) سوئی ناردرن گیس کمپنی کی جانب سے ایک ہی سال میں تیسری بار گیس کی قیمت میں بڑا اضافہ بالکے نے اور لاہور میں ساحت کی، چیئرمین اتھارٹی کو کہا کہ گیس کی قیمتوں کو معرطہ اور بڑھتا جا رہا ہے نام عوامی مفاد کو نظر رکھتے ہوئے گیس کی قیمتوں کا فیصلہ کریں۔ ساحت کے دوران، سوئی سدرن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کامران اکرم نے دلائل میں کہا کہ ادائیگیوں کے حوالے سے سوئی ناردرن گیس کے حالات خراب ہیں، 6 ماہ قبل قیمت میں اضافے کی درخواست فائل کی گئی تھی اور آج تین (بقیہ نمبر 30)

سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل میں اہم پیشرفت

چوہدری عدنان کے قتل میں سہولت کاری کرنیوالا مرکزی ملزم گرفتار

راولپنڈی (این ایس آئی) سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل میں اہم پیشرفت سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل میں سہولت کاری کرنیوالا مرکزی ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل میں اہم پیشرفت ہوئی ہے سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فوری ضرورت

عوامی لالکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

فروغ تعلیم میں نجی تعلیمی اداروں کا کردار قابل ستائش ہے

نجی تعلیمی ادارے شرح خواندگی میں اضافے کے لئے اپنا اہم اور کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

کم فیس اور کم وسائل کے حامل نجی تعلیمی اداروں کے مسائل سے حکومت بخوبی آگاہ ہے، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ نجی تعلیمی ادارے شرح خواندگی میں اضافے کے لئے اپنا اہم اور کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں کم فیس اور کم وسائل کے حامل نجی تعلیمی اداروں کے مسائل سے حکومت بخوبی آگاہ ہے۔ کمرشل بلوں، سکولوں کی رجسٹریشن، بورڈ ٹیکسز جیسے معاملات میں تعلیمی اداروں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ پنجاب دہائی وزیر تعلیم پنجاب رانا (بقیہ نمبر 20)

سوہاوی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاع حسین ماڈل پولیس سٹیشن مزحرگ کے دورے کے دوران خدمت مرکز پر ڈیجیٹک لائبریری کے افتتاح کے موقع پر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا 2 ہزار غیر حاضر میجرز کی برطرفی کا حکم

کوئٹہ (این ایس آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے دو ہزار غیر حاضر میجرز کی برطرفی کا حکم دے دیا اور واضح کر دیا کہ محکمہ تعلیم میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی اور میرٹ پر صلی تعلیمی افسران لگائے جائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ تعلیم کا اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا۔ وزیر اعلیٰ نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو ہدایت کی کہ وہ ایک ماہ میں عادی غیر حاضر میجرز کو برطرف کر کے رپورٹ (بقیہ نمبر 21)

نوشہرہ فیروز، بلال جتوئی کی گرفتاری کیلئے پولیس کا جتوئی ہاؤس پر چھاپا

کراچی (این ایس آئی) کریڈ ڈیوٹی کے انکشن کے رہنماء غلام مرتضیٰ جتوئی کے صاحبزادے بلال جتوئی کی گرفتاری کیلئے جتوئی ہاؤس پر چھاپا مارا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ڈی اے رہنماء غلام مرتضیٰ جتوئی کے صاحبزادے بلال جتوئی کی گرفتاری کیلئے جتوئی ہاؤس پر چھاپا مارا گیا، نوشہرہ فیروز پولیس کے مطابق جتوئی ہاؤس پر گزشتہ رات چھاپا مارا تھا نام کو گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔ پولیس کے مطابق انکشن 2004 (بقیہ نمبر 22)

مریم نواز کی ولولہ انگیز قیادت، مسلم لیگ ن کی عوامی مقبولیت اضافہ

وفاداری کرنے والوں کو پارٹی عہدوں پر ذمہ داریاں دی جائیں گی، ندیم شاہ بخاری

گوجرخان (قمرشہزاد) مسلم لیگ ن سٹی گوجرخان کی تنظیم سازی کا عمل 27 اپریل تک مکمل کر دیا جائے گا مسلم لیگ ن گوجرخان سے ڈائلگ روم کی سیاست کرنے والوں کا خاتمہ ہو گیا مسلم لیگ ن ملک سب سے بڑی اور مقبول عوامی جماعت ہے مسلم (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد میں پاکستان کے سب سے بڑے آئی ٹی پارک کی منظوری

اسلام آباد میں پاکستان کے سب سے بڑے آئی ٹی پارک کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (این ایس آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی جانب سے ایک اور حسن اقدام، اسلام آباد میں پاکستان کے سب سے بڑے آئی ٹی پارک کی منظوری دے دی گئی۔ آئی ٹی پارک منصوبے کی کامیابی کے لیے پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ (بقیہ نمبر 24)

آل پاکستان بینکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز کو لیٹر آف تھینکس

غفران شہزاد نے ایک ہزار کے لائسنس پر دو کی بجائے تین اور تین دن کی مدت کو بڑھا کر چار دن کر کے اسپورٹس مین ہونے کا ثبوت دیا ہے

پاوا کے صدر سمیت ہزاروں شکاریوں نے شکریہ ادا کرتے ہوئے مستقل ممبر کی ڈی ڈی کی جانب سے دست شفقت کی امید کی ہے، ترجمان وقاص

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) آل پاکستان بینکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر خود قریشی نے ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز غفران شہزاد کو لیٹر آف تھینکس لکھتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی اسلام آباد کے سینکڑوں شکاریوں سمیت صوبہ خیبر پختونخوا اور صوبہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے مچھلی کے شکار کے شوقین شکاریوں کی جانب سے اظہار تشکر پیش کیا گیا ہے اور شکاری برادری کا کہنا ہے کہ ایک ہزار روپے پر دو دن کی بجائے تین روز اور تین دن کی اجازت کی مدت کو بڑھا کر چار دن کر کے اسپورٹس مین ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ مستقل ممبر کی ڈی ڈی کی جانب سے دست شفقت کی امید کی ہے، ترجمان وقاص کا کہنا ہے کہ ایک ہزار کا لائسنس پر دو دن کی اجازت کو بڑھا کر چار دن کر کے اسپورٹس مین ہونے کا ثبوت دیا ہے آج دنیا میں مچھلی کے شکار کو کھیل کا درجہ دیا جا چکا ہے اسلام آباد پاکستان میں بھی فشنگ کو اسپورٹس کا قانونی درجہ مل چکا ہے لائسنس مشکل اور پریشانی کی اس گھڑی میں جہاں شکاری بھائی ایک ہزار روپے کے لائسنس پر دو دنوں کو لگانے کی اجازت کو ظلم کے مترادف قرار دے رہے (بقیہ نمبر 25)

ملک میں یومیہ 4 ہزار میٹرک ٹن تیل کی سمگلنگ کا انکشاف

آئل کمپنیز نے اسمگلنگ کی روک تھام اور کارروائی کے لیے خصوصی اور ایمرجنسی اقدامات کیے

اسلام آباد (این ایس آئی) ملک میں یومیہ 4 ہزار میٹرک ٹن تیل کی اسمگلنگ کا انکشاف ہوا ہے جس سے قومی خزانے کو ماہانہ 3 کروڑ 56 لاکھ ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ آئل کمپنیز نے اسمگلنگ کی روک تھام اور کارروائی کے لیے حکومت اور انکوائری ایڈوائزری بورڈ اور آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (اوی اے سی) نے ٹیکسٹیز پیٹرولیم کو کھلا کر دیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی فروخت کی صورتحال کو رمنا کے مرحلے سے برابر ہوگئی ہے۔ گزشتہ سال کے مقابلے میں جولائی تا فروری ڈیزل، پیٹرول کی فروخت 6.5 فیصد کم (بقیہ نمبر 26)

پی سی بی کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد مستعفی

بابر حامد نے اپنا استعفیٰ کرکٹ بورڈ کے سربراہ محسن نقوی کو بھیجا دیا

لاہور (این ایس آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ میں کمان بدلنے کے بعد ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد مستعفی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق بابر حامد نے اپنا استعفیٰ کرکٹ بورڈ کے سربراہ محسن نقوی کو بھجوا دیا ہے۔ بابر حامد کو لاہور کے دورے میں ہی پی سی بی کی طرف سے اہم ذمہ داریاں دی گئی تھیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بابر حامد کو لاہور کے دورے میں ہی پی سی بی کی طرف سے اہم ذمہ داریاں دی گئی تھیں اور ایمرجنسی اقدامات کیے جانے کا امکان ہے۔